باوجود آپ حملہ آور رہے حتی کہ وفات پاگئے، اور دونوں سے یہ معرکہ حضرت معاویہؓ کے دور میں ہوا۔ لیکن ابن السکن فرماتے ہیں یہ واقعہ بھی خلافت فاروقی کا ہے (اصابہ 250/3) اور یہی بات قرین صحت معلوم ہوتی ہے ورنہ اس اختلاف کی وجہ امام ذہبیؒ یہ کہتے ہیں کہ (مما ذکرہ ابن کثیر في تاريخ مرتين، فالظاهر انها اثنان والله اعلم)(سیر 550/2)

مرکزی جامع مسجد اہل حدیث کھوکھراں روڈ ہڈالی (دینہ) میں توحید وسنت کانفرنس

مورخہ 28 اپریل بروز جمعرات بعد از نماز عشاء مرکزی جامع مسجد اہل حدیث دینہ میں توحید وسنت کانفرنس زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث ضلع جہلم ہوئی۔ پروگرام کا آغاز حافظ محمد عثمان کی تلاوت سے ہوا۔ قاری عبدالوہاب صدیقی نے نعتیہ کلام پیش کیا۔ اس کے بعد قاری محمد یوسف راشد خطیب گوجرانوالہ اور مقرر شیریں بیان حضرت مولانا بہادر علی سیف خطیب سمندری نے توحید وسنت کانفرنس سے خطاب کیا۔ آخر میں رئیس الجامعہ کی دعا سے یہ عظیم الشان کانفرنس تکمیل پذیر ہوئی۔

تشکیل نو کابینہ اہل حدیث یوتھ فورس دینہ

جامع مسجد اہل حدیث کھوکھراں روڈ دینہ میں اہل حدیث یوتھ فورس دینہ کی تشکیل نو کیلئے ایک اہم اجلاس زیر صدارت عامر سلیم علوی جنرل سیکرٹری AYF ضلع جہلم منعقد ہوا جس میں عامر سلیم علوی نے اہل حدیث یوتھ فورس کے اغراض ومقاصد بیان کئے اور اہل حدیث یوتھ فورس دینہ کی تشکیل نو کی۔

سرپرست: محمد یعقوب مغل صدر: حافظ محمد شمعون نائب صدر: محمد غیاث

سیکرٹری جنرل: محمد عقیل ڈپٹی سیکرٹری جنرل: محمد سجاد سیکرٹری نشرواشاعت: عاطف ایوب

ڈپٹی سیکرٹری نشرواشاعت: میاں عاطف رابطہ سیکرٹری: چوہدری ادریس ڈپٹی رابطہ سیکرٹری: محمد قاسم

خازن: آصف محمود نائب خازن: عاصم محمود ناظم تبلیغ: طاہر محمود

اخبار الجامعة والجماعة

نتائج ششماہی امتحانات جامعہ علوم اثریہ

سابقہ روایات کے مطابق امسال بھی جامعہ علوم اثریہ کے زیر اہتمام ششماہی امتحانات بتاریخ 20 اپریل 2005ء بمطابق 10 ربیع الاول 1426ھ بروز بدھ شروع ہوئے اور 28 اپریل 2005ء بمطابق 18 ربیع الاول 1426ھ بروز جمعرات اختتام پذیر ہوئے۔

شعبہ کتب میں جامعہ بھر میں امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ

اول: نوید امجد۔عبدالمحسن ثانی: غلام رسول ثالث: عبدالخالق۔عبدالقدیر

نمبر شمار	نام	جماعت	مضامین	کل نمبر	حاصل کردہ نمبر	پوزیشن
1	نوید امجد	ثانیہ عالیہ	13	520	519	اول
2	عبدالمحسن	ثانیہ عالیہ	13	520	519	اول
3	اعجاز احمد	ثانیہ عالیہ	13	520	486	دوم
4	شریف اللہ	ثانیہ عالیہ	13	520	485	سوم
5	عبدالخالق	اولی عالیہ	13	520	506	اول
6	عثمان غنی	اولی عالیہ	13	520	476	دوم
7	سعد مدنی	اولی عالیہ	13	520	421	سوم
8	انعام اللہ	ثالثہ ثانویہ	13	520	455	اول
9	ناصر محمود	ثالثہ ثانویہ	13	520	418	دوم
10	محمد بلال	ثالثہ ثانویہ	13	520	327	سوم
11	محمد کاشف	ثانیہ ثانویہ	13	520	480	اول
12	محمد زکریا	ثانیہ ثانویہ	13	520	477	دوم
13	عبدالرحمن	ثانیہ ثانویہ	13	520	458	سوم

14	رضوان مختار	اولی ثانویہ	13	520	440	اول
15	محمد منصور	اولی ثانویہ	13	520	380	دوم
16	عبدالصبور	اولی ثانویہ	13	520	361	سوم
17	ذیشان ایوب	ثالثہ متوسطہ	13	520	505	اول
18	ساجد مدنی	ثالثہ متوسطہ	13	520	445	دوم
19	حفیظ الرحمٰن	ثالثہ متوسطہ	13	520	321	سوم
20	محمد طاہر	ثانیہ متوسطہ	13	520	484	اول
21	نوید احمد	ثانیہ متوسطہ	13	520	481	دوم
22	ذکاء اللہ	ثانیہ متوسطہ	13	520	391	سوم
23	غلام رسول	اولی متوسطہ	13	520	513	اول
24	عبدالقدیر	اولی متوسطہ	13	520	506	دوم
25	بلال احمد	اولی متوسطہ	13	520	497	سوم

شعبہ حفظ میں جامعہ بھر میں امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ

اول: حافظ ابتسام الٰہی۔ ثانی: عبید الرحمٰن ثالث: عبدالمجید

شعبہ حفظ میں مختلف حلقات میں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ

مجموعہ (1)	حافظ ابتسام الٰہی	محمد داؤد	فیصل محمود
مجموعہ (2)	سراج الدین	عزیر احمد	محمد ذیشان
مجموعہ (3)	محمد عمر	آصف شہزاد	وقاص شہزاد
مجموعہ (4)	ضیاء اللہ	عبدالجبار	انور امین
مجموعہ (5)	عبدالمجید	عبدالباسط	رضوان اللہ
مجموعہ (6)	عبید الرحمٰن	محمد مدثر	محمد امجد

محمد طاہر صاحب، محمد زاہد صاحب اور محمد طارق صاحب کو صدمہ

مورخہ 13 مارچ بروز اتوار محمد طاہر برادران کے والد گرامی جناب عبدالحکیم بھٹی وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم جامع مسجد اہل حدیث ٹلہ مستریاں کے سرپرست کے طور پر خدمات سرانجام دیتے رہے اور ہر کام میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے رہے۔ آپ بڑے ہی متقی اور با اخلاق شخصیت کے مالک تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قاری عطاء اللہ ثاقب صاحب نے پڑھائی۔

شیخ عمران حبیب صاحب اور شیخ بلال حبیب صاحب کو صدمہ

مورخہ 27 اپریل بروز بدھ شیخ عمران حبیب و شیخ بلال حبیب کی والدہ محترمہ اور شیخ حبیب الرحمٰن مرحوم کی اہلیہ اچانک دل کا دورہ پڑنے سے وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ صوم وصلاۃ کی انتہائی پابند تھیں رمضان میں نماز تراویح مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں ادا کرتیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ جامع مسجد سلطان جامعہ علوم اثریہ میں رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

طارق محمود صاحب اور حاجی عمران صادق صاحب کو صدمہ

مورخہ 30 اپریل بروز ہفتہ طارق محمود کی والدہ محترمہ اور حاجی عمران صادق کی ممانی جان وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ بڑی ہی پرہیزگار، نیک اور با اخلاق خاتون تھیں۔ نماز جنازہ مولانا قاری مہتاب الرحمٰن شاہ صاحب نے پڑھائی۔

ادارۂ ''حرمین'' جامعہ علوم اُثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے۔ اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین